SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

PRESS RELEASE

For immediate release

July 8, 2020

ایس ای سی پی نے میوچل فنڈز انڈسٹری کے لئے ماسٹر سرکلر جاری کردیا

اسلام آباد(جولائی 8)سکیورٹیزاینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے میوچل فنڈ انڈسٹری کی آسانی کے لئے ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں، سرمایہ کاری کی اجتمائی اسسکیموں اور انوسٹمنٹ ایڈوائزروں کے ریگولیٹری فریم ورک سے متعلق تمام سرکلرز، ڈائریکٹیوز اور حکم ناموں پر مشتمل ماسٹر سرکلر جاری کردیا ہے۔

ماسٹر سرکلر میں 2009 سے لیکراب تک جاری کئے گئے تمام سرکلرز کو ایک دستاویز کی شکل دے دی گئی ہے جبکہ موضوع کے مطابق سرکلر کو الگ الگ اسباق ترتیب دئے گئے ہیں۔ اس طرح ماسٹر سرکلر کے کل سولہ اسباق تشکیل دئے گے ہیں جن میں اجتماعی سرمایہ کاری کی اسکیموں کے اقسام، کمپنیوں کے لئے لازمی معلومات کی فراہمی کی شرائط، ایکسچینج ٹریڈ فنڈ، اہلیت کے معیار اور رسک مینجمنٹ اور ریگولیٹری کمپلائنس وغیرہ کو الگ الگ حصوں میں ترتیب دیا گیا ہے۔ ماسٹر سرکلر کے ذریعے ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کو ریگولیٹ کرنے کے لئے جاری تمام سرکلرز کو یکجا کرنے سے قانون کی مکمل مقصدیت واضح ہو گی، متروک شدہ شرائط نکال دی گئیں ہیں جبکہ گزشتہ کئی سالوں میں مختلف سرکلرز جاری نے سے پیدا ہونے والے ممکنہ قانونی تضادات کو ختم کر دیا گیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005